Prime Minister Modi’s meeting with President of Indonesia H.E. Mr. Joko Widodo on the sidelines of G20 in Rome, Italy

October 31, 2021

سے الگ انڈونیشیا کے صدر 20-وزیراعظم مود ی کی اٹلی کےروم میں جی عالیجناب جوکوویڈوڈو سے ملاقات

31 2021 اکتوبر

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے 31 اکتوبر 2021 کو اٹلی کے روم میں جی-20 سربراہ اجلاس سے الگ انڈونیشیا کے صدر عالیجناب جوکو ویڈوڈو سے اٹلی میں ملاقات کی ۔

وزیراعظم مودی نے آئندہ سال جی -20 کی صدارت کے لئے انڈونیشیا کو مبارکباد دی اور ٹرائیکا کے جزو کے طورپر انڈونیشیا کے ساتھ مل کر کام کرنے کی بھارت کی آمادگی کا انہیں یقین دلایا ۔

دونوں لیڈروں نے ہند – انڈونیشیا جامع اسٹریٹجک شراکت داری کی موجودہ روش کے تعلق سے تبادلہ خیال کیا۔دونوں لیڈرو ں نے کووڈ -19 کی وبا کے دوران ایک دوسرے کی تیزی کے ساتھ مدد کرنے کے عمل کی ستائش کی اور کووڈ کے بعد کی صورتحال میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے پر اتفاق کیا ۔دونو ں رہنماؤں نے ہند-بحرالکاہل باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

دونوں لیڈروں نے باہمی تجارت اور دونوںملکوں میں سرمایہ کاری اور عوام سے عوام کے درمیان مزید بہتر روابط کی راہ ہموار کرنے کے تئیں عہد بستگی کا اظہار کیا۔

آب وہوا کی تبدیلی کے مسائل سے نبرد آزما ہونے ، بالخصوص کلائمیٹ فائننس کے نفاذ کی ضرورت کے تئیں عہد بستگی سے متعلق بھی تبادلہ خیال ہوا ۔

روم،

31 2021 اکتوبر

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.